سوال

(638) داڑھی کے نیچے جو گردن پر بال ہوتے ہیں ان کا خط کروانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ڈاڑھی کے نیچے جو گردن پر بال ہوتے ہیں ان کو آدمی منڈوا سکتا ہے یا وہ ڈاڑھی میں شامل ہیں اگر شامل ہیں تو دلیل سے وضاحت فرمائیں۔ ایسے ہی جو بال رخسار پر ہوتے ہیں وہ آدمی منڈوا سکتا ہے یا نہیں؟ رخسار اور گردن پر بالوں کے منڈوانے کو کچھ علماء جائز اور کچھ ناجائز قرار دیتے ہیں۔ حقیقت سے آگاہ فرمائیں۔ (قاری ظفر اقبال ظفر۔ گوجرانوالہ) (۲۰ اکتوبر ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گردن کے بال ڈاڑھی میں شامل نہیں۔ اس لیے آدمی ان کو منڈوا سکتا ہے جب کہ رخساروں کے بال ڈاڑھی کی تعریف میں شامل ہیں۔ لہٰذا ان کو منڈوانا ناجائز ہے۔

المنجد میں ہے۔ 'شَعرُ الخَدَّينِ وَالذقن' رخسار اور تھوڑی کے بال کو ڈاڑھی کہا جاتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب اللباس: صفحہ: 470

محدث فتویٰ